تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

October 10,2024

پریس ریلیز

جامعہ کے سی ڈی او ای میں بیچلر آف ایجوکیشن (بی ایڈ) پروگرام میں داخلے جاری ہیں

مرکز برائے فاصلاتی تعلیم اور آن لائن ایجوکیشن (سی ڈی او ای) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے بیچلر آف ایجوکیشن (بی ایڈ) پروگرام میں اوپن اور فاصلاتی تعلیم (او ڈی ایل) وضع میں داخلہ کا اعلان کیا ہے۔ درخواست فارم جامعہ کی سائٹ www.jmicoe.in پر آن لائن دس اکتوبر دو ہزار چوبیس سے دستیاب ہے اور درخواست فارم جمع کرنے کی آخری تاریخ بائیس اکتوبر دو ہزار چوبیس ہے۔

داخلہ میرٹ کی بنیاد ہوتا ہے جس کے لیے تین نومبر دو ہزار چوبیس کو انٹرنس ٹسٹ ہوگا۔ جامعہ کیمپس میں موجود امتحانات مراکز پر ٹسٹ ہوگا۔ امیدوار اپنے ہال ٹکٹ ایگزامینیشن پورٹل سے ٹسٹ سے ایک ہفتہ قبل ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

نتائج کے اعلان کے بعد کاغذات کی جانچ اور فیس جمع ہوگی۔ انٹرنس ٹسٹ کے نتائج کے اعلان کے ساتھ ہی کاغذات کی جانچ اور فیس جمع کرنے کا وقت بتایا جائے گا۔

امیدواروں سے درخواست ہے کہ درخواست جمع کرنے سے پہلے داخلے کے سلسلے میں اپنی اہلیت کی اچھی طرح جانچ کر لیں اور یہ بھی یاد رکھیں کہ آخری تاریخ کے بعد کسی درخواست فارم پر غور نہیں کیا جائے گا۔

بی۔ایڈ پروگرام کے علاوہ، سی ڈی او ای، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے حال ہی میں ایم بی اے اور مختلف مضامین میں ایم۔اے، بی۔اے، بی۔بی۔اے، بی کام اور دوسرے سرٹیفکٹ کورسیز سمیت انڈر گریجویٹ، پوسٹ گریجویٹ اور ڈپلوما پروگراموں میں داخلے کی کاروائی مکمل کی ہے۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی